**Roll No.** | | | | | | | | |

(Write Roll Number from left side exactly as in the Admit Card)

*Signature of Invigilator*

**Question Booklet Series** **X**

**Subject Code : 05**

**PAPER–II**

**Question Booklet No.**
(Identical with OMR Answer Sheet Number)

# URDU

*Time : 2 Hours* *Maximum Marks: 200*

***Instructions for the Candidates***

1. Write your Roll Number in the space provided on the top of this page as well as on the OMR Sheet provided.
2. At the commencement of the examination, the question booklet will be given to you. In the first 5 minutes, you are requested to open the booklet and verify it:
   (i) To have access to the Question Booklet, tear off the paper seal on the edge of this cover page.
   (ii) Faulty booklet, if detected, should be got replaced immediately by a correct booklet from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Question Booklet will be replaced nor any extra time will be given.
   (iii) Verify whether the Question Booklet No. is identical with OMR Answer Sheet No.; if not, the full set is to be replaced.
   (iv) After this verification is over, the Question Booklet Series and Question Booklet Number should be entered on the OMR Sheet.
3. This paper consists of One hundred (100) multiple-choice type questions. All the questions are compulsory. Each question carries *two* marks.
4. Each Question has four alternative responses marked: (A) (B) (C) (D) . You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each question.

   *Example:* (A) (B) ● (D) , where (C) is the correct response.
5. Your responses to the questions are to be indicated correctly in the OMR Sheet. If you mark your response at any place other than in the circle in the OMR Sheet, it will not be evaluated.
6. Rough work is to be done at the end of this booklet.
7. If you write your Name, Roll Number, Phone Number or put any mark on any part of the OMR Sheet, except in the space allotted for the relevant entries, which may disclose your identity, or use abusive language or employ any other unfair means, such as change of response by scratching or using white fluid, you will render yourself liable to disqualification.
8. Do not tamper or fold the OMR Sheet in any way. If you do so, your OMR Sheet will not be evaluated.
9. You have to return the Original OMR Sheet to the invigilator at the end of the examination compulsorily and must not carry it with you outside the Examination Hall. You are, however, allowed to carry question booklet and duplicate copy of OMR Sheet after completion of examination.
10. **Use only Black Ball point pen.**
11. **Use of any calculator, mobile phone, electronic devices/gadgets etc. is strictly prohibited.**
12. **There is no negative marks for incorrect answer.**

1۔ ذیل میں سے کون سی تصنیف مشہور ترقی پسند ادیب محمد حسن کی نہیں ہے؟

(A) مشرقی تنقید

(B) زنجیر نغمہ

(C) تیشۂ آواز

(D) ادبی سماجیات

2۔ حلقۂ اربابِ ذوق کب اور کہاں قائم ہوا؟

(A) دہلی 1935

(B) لکھنؤ 1940

(C) لاہور 1936

(D) کلکتہ 1945

3۔ ذیل میں سے کس کا جدیدیت سے تعلق نہیں ہے۔

(A) بلراج کومل

(B) عادل منصوری

(C) عزیز احمد

(D) شفیق فاطمہ شِعریٰ

4۔ مابعد جدیدیت کے کس ہمنوا کا کہنا ہے کہ ''متن ایک رہگزر ہے، جہاں سے معنی کے قافلے گزرتے رہتے ہیں۔''

(A) گوپی چند نارنگ

(B) محمد حسن عسکری

(C) ضمیر احمد بدایونی

(D) جیلانی کامران

5۔ اردو میں ایہام گوئی کے خلاف کس نے آواز اٹھائی؟

(A) آبرو

(B) ناجی

(C) مرزا مظہر جانِ جاناں

(D) مبارک

6۔ ذیل میں سے کس کا تعلق دارالترجمہ حیدرآباد سے نہیں تھا۔

(A) مولانا عبدالحلیم شرر

(B) نظم طباطبائی

(C) صدرالدین آزردہ

(D) سیّد ناصر علی

7۔ دلّی کالج میں انگریزی تعلیم کا آغاز کب ہوا؟

(A) 1825

(B) 1828

(C) 1830

(D) 1900

8۔ فورٹ ولیم کالج کی بنیاد کب رکھّی گئی؟

(A) 1800

(B) 1705

(C) 1805

(D) 1900

9۔ ذیل میں سے کِس کا تعلق لکھنؤ دبستانِ شاعری سے نہیں ہے؟

(A) انشاء

(B) رنگین

(C) سِراج الدّین علی خاں آرزو

(D) علی اوسط رشک

10۔ ذیل کے کِس ادیب نے علی گڑھ کالج میں بحیثیت استاد خدمت انجام دی؟

(A) ڈپٹی نذیر احمد

(B) الطاف حسین حالی

(C) شبلی نعمانی

(D) مولانا محمد حسین آزاد

11۔ حکایت زاغ و بُلبل کِس کتاب میں شامل ہے؟

(A) مقالات شبلی

(B) یادگارِ غالب

(C) غبارِ خاطر

(D) نیرنگِ خیال

12۔ کس کے نام لکھے گیے خط میں غالب نے آم کی بہت تعریف کی ہے؟

(A) محمد ابراہیم ذوق

(B) نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ

(C) بہادر شاہ ظفر

(D) نواب ضیاء الدّین احمد خاں

13۔ ذیل میں سے کون غالب کا مکتوب الیہ نہیں ہے؟

(A) ہرگوپال تفتہ

(B) میر مہدی مجروح

(C) غلام مصطفیٰ خاں شیفتہ

(D) مومن خاں مومن

14۔ ''محبت'' اور ''مخالفت'' کِس کے لکھے ہوئے مضامین ہیں؟

(A) شبلی نعمانی

(B) محمد حسین آزاد

(C) سرسّید احمد خاں

(D) الطاف حسین حالی

15۔ دارالترجمہ عثمانیہ حیدرآباد کا قیام کب عمل میں آیا؟

(A) 1900

(B) 1917

(C) 1920

(D) 1921

16۔ مرزا فرحت اللہ بیگ کا ڈپٹی نذیر احمد سے کیا رشتہ تھا؟

(A) چچازاد بھائی

(B) جگری دوست

(C) استاد شاگرد

(D) وکیل و موکّل

17۔ ذیل میں سے کس کے یہاں ترکی تہذیب وثقافت کی طرف قوی رجحان ملتا ہے؟

(A) سجّاد انصاری

(B) اختر شیرانی

(C) سجّاد حیدر یلدرم

(D) قاضی عبدالغفّار

18۔ ''خنداں'' کس کے انشائیہ کا کردار ہے؟

(A) سجّاد حیدر یلدرم

(B) احمد جمال پاشا

(C) مشتاق احمد یوسفی

(D) رشید احمد صدیقی

19۔ سفرنامہ کے کس مصنّف کو پھانسی کی سزا ملی؟

(A) محمّد جعفر تھانیوری

(B) مولانا فضلِ الٰہیٰ

(C) مولانا محمّد حسین آزاد

(D) مولانا حسرت موہانی

20۔ ''اِس آباد خرابے میں'' کیا ملتا ہے؟

(A) حق گوئی

(B) مبالغہ آرائی

(C) تہذیبِ مغرب

(D) تنقیدِ ادب

21۔ '' ہوا جب کفر ثابت، ہے وہ تمغائے مسلمانی
نہ ٹوٹی شیخ سے زنّارِ تسبیحِ سلیمانی''

مذکورہ بالا شعر کس صنف سے اخذ ہے اور شاعر کون ہیں؟ صحیح جوڑ پر نشان لگائیے۔

(A) ذوقؔ — قصیدہ

(B) سوداؔ — قصیدہ

(C) محسنؔ — قصیدہ

(D) غالبؔ — قصیدہ

22۔ ان میں سے قصیدہ کے اجزائے ترکیبی کیا کیا ہیں؟ صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

(A) مدح، گریز، حسنِ طلب۔

(B) مدح، رخصت، گریز۔

(C) حسنِ طلب، چہرہ، تشبیب۔

(D) چہرہ، تشبیب، مدح۔

23۔ دکن کے دو اہم ابتدائی مثنوی نگار کون ہیں؟

(A) دیا شنکر نسیم — ملا وجہی

(B) ملا وجہی — میر حسن

(C) نظامی بیدری — ملا وجہی

(D) نظامی بیدری — میر حسن

24۔ ’’ ہنسا کھلکھلا وہ گل نو بہار
لیا کھینچ پانو کو بے اختیار
عجب عالم اس نازنیں پر ہوا
اثر گد گدی کا جبیں پر ہوا‘‘

مندرجہ بالا بند کہاں سے ماخوذ ہے؟

(A) دیاشنکرنسیم کی ’’گلزارنسیم‘‘ سے۔

(B) ابن نشاطی کی ’’پھول بن‘‘ سے۔

(C) میرحسن کی ’’سحرالبیان‘‘ سے۔

(D) ملاّوجہی کی ’’قطب مشتری‘‘ سے

25۔ ’’ جنبش سے میرے خامۂ افسوں طراز کی‘

مذکورہ مصرع کس صنف کا ہےاورشاعرکون ہے؟

(A) جمیل مظہری — مرثیہ۔

(B) انیسؔ — مرثیہ۔

(C) دبیرؔ — مرثیہ۔

(D) جمیل مظہری — قصیدہ

26۔ صنفِ غزل کے لیے کیاضروری ہے؟

(A) ’’بحر-قافیہ-مطلع۔

(B) بحر-فاصلہ-علّت۔

(C) قافیہ-مطلع-اسم خاص۔

(D) مقطع-ردیف-ضمیراشارۃ‘‘

27۔ اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعرکون ہے اوراس کاتعلق کس سر زمین سے تھا؟

(A) ولیؔ — دکن۔

(B) ولیؔ — دلّی۔

(C) قلی قطب شاہ — دلّی۔

(D) قلی قطب شاہ — دکن۔

28۔ دبستانِ دہلی کی خصوصیات کیا ہیں؟

(A) خارجیت،رنگینی،شگفتگی۔

(B) داخلیت،خارجیت،رنگینی۔

(C) داخلیت،بلندیِ خیالات،سلاست۔

(D) رنگینی،طرح داری،بے باکی۔

29۔ ’’وہ جوشاعری کاسبب ہوا‘‘۔کس کا مجموعۂ کلام ہے؟

(A) شہریار۔

(B) اصغرگونڈوی۔

(C) عرفان صدیقی۔

(D) کلیم عاجز۔

30۔ تماشا دیکھ اے لیلیٰ کہ تیری غم کی گردش میں
بگولے کی نمط پھرتا ہے مجنوں خوار ہر جانب

اس شعرمیں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(A) صنعتِ تلمیح۔

(B) صنعتِ حسن تعلیل۔

(C) صنعتِ ترصیع۔

(D) صنعتِ مبالغہ۔

31۔ ''آیات وجدانی'' کس شاعر کا مجموعۂ کلام ہے؟

(A) شاد عظیم آبادی

(B) شہریار

(C) یگانہ چنگیزی

(D) فانی بدایونی

32۔ اصغر گونڈوی کے مجموعۂ کلام کا نام کیا ہے؟

(A) گل نغمہ۔

(B) آتشِ گل۔

(C) اسمِ اعظم۔

(D) نشاطِ روح۔

33۔ مومن خان مومنؔ کی تاریخ پیدائش اور تاریخ وفات۔

صحیح جوڑ پر نشان لگایئے۔

(A) ۱۸۰۱ء — ۱۸۵۲ء

(B) ۱۸۰۰ء — ۱۸۵۵ء

(C) ۱۸۰۰ء — ۱۸۵۱ء

(D) ۱۸۰۱ء — ۱۸۷۵ء

34۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا شعر فانیؔ بدایونی کا ہے۔

(A) حسن بے پروا کو خود بین و خود آرا کر دیا
کیا کیا میں نے کہ اظہارِ تمنّا کر دیا

(B) ہنسی میں وعدۂ فردا کو ٹالنے والو!
لو دیکھ لو وہی ''کل'' ''آج'' بن کے آنہ گیا

(C) اللہ رے دیوانگیٔ شوق کا عالم
اک رقص میں ہر ذرّہ صحرا نظر آیا

(D) آتی ہے صبا سوئے لحد ان کی گلی سے
شاید مری مٹی ابھی برباد نہیں ہے

35۔ میر انیسؔ کے کلام کی خوبیاں ہیں— صحیح جوڑ پر نشان لگایئے۔

(A) دقّتِ الفاظ—دور از کار تشبیہات۔

(B) سکتہ—بلاغت۔

(C) پیکر تراشی—سکتہ۔

(D) پیکر تراشی—فصاحت۔

36۔ مُلّا وجہی کس بادشاہ کا درباری شاعر تھا؟

(A) علی عادل شاہ۔

(B) قلی قطب شاہ۔

(C) غیاث الدّین بلبن۔

(D) ابراہیم لودھی۔

37- لکھنؤ کا وہ کون شاعر ہے جس کے کلام میں دبستانِ دہلی کی خصوصیت موجود ہیں؟

(A) یگانہ

(B) آتش

(C) انشا

(D) ناسخ

38- صحیح جوڑ پر نشان لگایئے۔

(A) میر تقی میر — محمد شاہ رنگیلے۔

(B) شہریار — محمد شاہ رنگیلے۔

(C) غالب — محمد شاہ رنگیلے۔

(D) جگر مرادآبادی — محمد شاہ رنگیلے۔

39- پھر میری خبر لینے، وہ صیاد نہ آیا
شاید کہ مرا حال اوسے یاد نہ آیا
یہ شعر کس کا ہے؟

(A) ولی

(B) میر

(C) غالب

(D) فراق

40- ''تضحیکِ روزگار'' کا تعلق کا کس صنف سے ہے؟

(A) مرثیہ

(B) قصیدہ

(C) مثنوی

(D) نثر

41- نظم ''لالۂ صحرا'' اقبال کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے؟

(A) ارمغانِ حجاز

(B) ضربِ کلیم

(C) بانگِ درا

(D) بالِ جبریل

42- ناول ٹیڑھی لکیر کتنی منزلوں پر مشتمل ہے؟

(A) 41

(B) 43

(C) 39

(D) 37

43- انجمنِ پنجاب، لاہور کے دوسرے مشاعرے میں الطاف حسین حالی نے کون سی نظم پڑھی تھی؟

(A) حب الوطن

(B) برکھا رت

(C) کلمۃ الحق

(D) نشاطِ اُمید

44- ذیل میں سے کون سا زمرہ منٹو کے افسانوں پر مشتمل ہے؟

(A) ٹھنڈا گوشت، لحاف، کالی شلوار

(B) ٹوبہ ٹیک سنگھ، میرا نام رادھا ہے، چھوکری کی لوٹ

(C) بابو گوپی ناتھ، نجات، نیا قانون

(D) کالی شلوار، ٹھنڈا گوشت، موذیل

45۔ حسن کوزہ گر، شہراوہام کے خرابوں کا کیا تھا؟

(A) مسافر

(B) سیاح

(C) مجذوب

(D) ساکن

46۔ ناول فائر ایریا میں ختونیا اور عرفان کا آپس میں کیا رشتہ ہے؟

(A) میاں اور بیوی کا

(B) ماں اور بیٹا کا

(C) نوکرانی اور مالک کا

(D) بہن اور بھائی کا

47۔ نظم ''تاج محل'' میں ساحرلدھیانوی نے 'سینۂ دہر کے کہنہ ناسور' کسے کہا ہے؟

(A) تاج محل کو

(B) بلند دروازہ کو

(C) قطب مینار کو

(D) عمارات، مقابر اور فصیلوں کو

48۔ دیپالی سرکار کس ناول کا کردار ہے؟

(A) خدا کی بستی

(B) اداس نسلیں

(C) بستی

(D) آگ کا دریا

49۔ زر، دام، دِرم، لال، زمرد، حلوہ اور مانڈا یہ سب الفاظ نظیر اکبر آبادی کی کس نظم میں آئے ہیں؟

(A) مفلسی

(B) بنجارہ نامہ

(C) آدمی نامہ

(D) ہولی

50۔ ''دیا جلے ساری رات'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

(A) کرشن چندر

(B) راجندر سنگھ بیدی

(C) خواجہ احمد عباس

(D) اقبال مجید

51۔ حیدر، ہنومت کیکرے اور رشمی اقبال مجید کے کس افسانے کے کردار ہیں؟

(A) بے شمار

(B) سوراخ

(C) انور کا گھر

(D) تماشا گھر

52۔ نظم ''جنگل کی شاہزادی'' میں شاخیں کہاں جھکی ہوئی تھیں؟

(A) دریا

(B) جھیل

(C) جھرنا

(D) تالاب

53۔ افتخار اور ایلما کس ناول کے کردار ہیں؟

(A) آگ کا دریا

(B) ایک چادر میلی سی

(C) فائر ایریا

(D) ٹیڑھی لکیر

54۔ ’’صبحِ وطن‘‘ کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(A) الطاف حسین حالی

(B) برج نرائن چکبست

(C) مخدوم محی الدین

(D) جوش ملیح آبادی

55۔ صفدر بشیر کس ناول کا کردار ہے؟

(A) امراؤ جان ادا

(B) خدا کی بستی

(C) اداس نسلیں

(D) بستی

56۔ ’’تلخیاں‘‘ کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(A) اختر الایمان

(B) شفیق فاطمہ شعریٰ

(C) ساحر لدھیانوی

(D) میرا جی

57۔ راجندر سنگھ بیدی کے افسانہ ’’لمبی لڑکی‘‘ میں جگن ناتھ تیاگی کا رشتے میں دیویندر تیاگی کون ہے؟

(A) باپ

(B) بیٹا

(C) چاچا

(D) بھتیجا

58۔ تاریخی لحاظ سے اختر الایمان کے شعری مجموعوں کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

(A) گرداب، یادیں، بنت لمحات، زمین زمین

(B) گرداب، آب جو، نیا آہنگ، یادیں

(C) گرداب، آب جو، تاریک سیارہ، یادیں

(D) گرداب، یادیں، تاریک سیارہ، نیا آہنگ

59۔ افسانہ ’’بجوکا‘‘ میں فصل کی حفاظت کے لیے بجوکا نہ بنانے کی نصیحت کون کرتا ہے؟

(A) سرپنچ

(B) ہوری کاکا

(C) گاؤں کی پنچایت

(D) بجرنگی

60۔ ذیل میں سے کون سا شعری مجموعہ شفیق فاطمہ شعریٰ کا ہے؟

(A) آب جو

(B) بساطِ رقص

(C) آفاقِ نوا

(D) تاریک سیارہ

61۔ الحاقیانہ میں کون نہیں شامل ہے؟
(A) وسطیہ
(B) سابقہ
(C) عامیانہ
(D) لاحقہ

62۔ اردو میں کل کتنے مصوتے ہیں؟
(A) پندرہ
(B) آٹھ
(C) سات
(D) دس

63۔ ذیل میں سے کون نحویات میں نہیں شامل ہے؟
(A) تحریف
(B) ترکیب
(C) جزو
(D) جزومتصل

64۔ قسطنطنیہ میں کُل کتنے صوت رکن ہیں؟
(A) پانچ
(B) چار
(C) آٹھ
(D) سات

65۔ ب، پ، پھ، تینوں دولبی آوازیں ہیں لیکن ان میں فرق کہاں سے پیدا ہوتا ہے؟
(A) حلقوم
(B) صوت تانت
(C) غشا
(D) انفی جوف

66۔ ذیل میں سے کون سی لسانیات کی درست تعریف ہے؟
(A) زبان کا مطالعہ
(B) زبان کے صوری اور معنوی پہلوؤں کا سائنسی مطالعہ
(C) زبان کا سائنسی مطالعہ
(D) زبان کے معنوی پہلو کا سائنسی مطالعہ

67۔ 'چ' تاکیدی کا استعمال کس زبان میں کثرت سے ملتا ہے؟
(A) بنگالی
(B) گجراتی
(C) دکنی
(D) راجستھانی

68۔ اردو میں پ، چ، ژ، گ حروف کس زبان سے آئے ہیں؟
(A) پُرتگالی
(B) عربی
(C) فرانسیسی
(D) فارسی

69. ’’مقدمہ تاریخ زبانِ اردو‘‘ کا پہلا ایڈیشن کب شائع ہوا تھا؟

(A) 1958

(B) 1986

(C) 1948

(D) 1945

70. املے میں کون سے دو حروف ’’ے‘‘ میں بدل جاتے ہیں؟

(A) الف یا ہائے ہوّز

(B) ل یا ہائے ہوّز

(C) ہائے ہوّز یا م

(D) الف یا ل

71. ذیل میں سے کسے الف پر ختم ہونے والی بولی کہتے ہیں؟

(A) پنجابی

(B) گجراتی

(C) راجستھانی

(D) کھڑی بولی

72. ہند آریائی لسانیات کے ماہرین نے ادبی پراکرتوں کی کُل کتنی قسمیں بیان کی ہیں؟

(A) دو

(B) چار

(C) آٹھ

(D) پانچ

73. پیروڈی کو اردو میں کیا کہتے ہیں؟

(A) تخریب

(B) تحریف

(C) تقریب

(D) تنصیب

74. ذیل میں سے کس صنف کا نہ تو کوئی مخصوص موضوع ہے اور نہ ہی کوئی مخصوص ہیئت؟

(A) رباعی

(B) واسوخت

(C) گیت

(D) ہائیکو

75. ترائیلے کُل کتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے؟

(A) دس

(B) پندرہ

(C) آٹھ

(D) پانچ

76. مستزاد کُل کتنے قسم کا ہوتا ہے؟

(A) تین

(B) دو

(C) چار

(D) سات

77۔ میر تقی میر نے واسوخت کے لیے کون سی ہیئت اختیار کی؟
(A) مخمس
(B) مسدس
(C) مربع
(D) مثمن

78۔ ذیل میں سے کون سی صنف اردو کی ایجاد ہے؟
(A) مثنوی
(B) ہائیکو
(C) ریختی
(D) ترائیلے

79۔ ''گر ترجمے سے فائدہ اخفائے حال ہے''۔ ترجمے سے متعلق اس مضمون کے مصنف کون ہیں؟
(A) شمس الرحمٰن فاروقی
(B) وحید الدین سلیم
(C) محمد حسن عسکری
(D) محمد حسن

80۔ ذیل میں سے کون سنسکرت کی علاقائی بولی نہیں ہے؟
(A) پراچیہ
(B) مدھیہ دیشہ
(C) ادیچیہ
(D) لہندا

81۔ ذیل میں سے کس نے اظہار، ترسیل اور ابلاغ کا نظریہ پیش کیا ہے؟
(A) شمس الرحمٰن فاروقی
(B) گوپی چند نارنگ
(C) کلیم الدین احمد
(D) احتشام حسین

82۔ ان میں سے کس نے دیوانِ غالب (نسخہ حمیدیہ) مرتب کیا ہے؟
(A) قاضی عبدالودود
(B) مولوی عبدالحق
(C) امتیاز علی خاں عرشی
(D) رشید حسن خاں

83۔ ان میں کون محقق نہیں ہے؟
(A) رشید حسن خاں
(B) شبیہ الحسن
(C) گیان چند جین
(D) جمیل جالبی

84۔ ''تذکرہ نکات الشعرا'' کے مولف کون ہیں؟
(A) میر حسن
(B) مصطفیٰ خاں شیفتہ
(C) عبدالغفور نساخ
(D) محمد تقی میر

85- ''اردو میں تنقید کا وجود محض فرضی ہے، یہ اقلیدس کا خیالی نقطہ ہے یا معشوق کی موہوم کمر۔''

یہ قول کس کتاب سے ماخوذ ہیں؟

(A) اردو تنقید پر ایک نظر

(B) میری تنقید ایک باز دید

(C) جدید اردو تنقید۔اصول و نظریات

(D) کلاسیکی مغربی تنقید

86- اردو میں تقابلی تنقید کو پہلی بار کس نے متعارف کرایا؟

(A) امداد امام اثر

(B) شبلی

(C) حالی

(D) محمد حسین آزاد

87- کس تنقیدی دبستان کی بنیاد حسن کی تصریحات پر ہے؟

(A) مارکسی

(B) اسلوبیاتی

(C) جمالیاتی

(D) نفسیاتی

88- ان میں سے کون سی کتاب سب سے پہلے شائع ہوئی؟

(A) شعرالعجم

(B) کاشف الحقائق

(C) آب حیات

(D) مقدمہ شعرو شاعری

89- زمانی لحاظ سے غلط جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

(A) محمد حسن — گوپی چند نارنگ

(B) الطاف حسین حالی — شبلی نعمانی

(C) آل احمد سرور — کلیم الدین احمد

(D) امداد امام اثر — شبیہ الحسن

90- ان میں سے کس نقاد نے ابن رشیق کی رائے سے بحث کی ہے؟

(A) حالیؔ

(B) عبدالرحمٰن بجنوری

(C) کلیم الدین احمد

(D) مجنوں گورکھپوری

91- ان میں تمثیلی داستان کون سی ہے؟

(A) رانی کیتکی کی کہانی

(B) سب رس

(C) باغ و بہار

(D) فسانۂ عجائب

92- ''اندر سبھا'' کے مصنف امانت لکھنوی کا پورا نام کیا تھا؟

(A) سید آغا حسن

(B) محمد آغا حسن

(C) وزیر آغا حسین

(D) سید آغا حسین

93۔ ان میں سے کس کتاب میں قدیم اردو کے اثرات زیادہ ہیں؟
(A) فسانۂ عجائب
(B) باغ و بہار
(C) کربل کتھا
(D) بوستان خیال

94۔ ''بوستان خیال'' کے مصنف کون ہیں؟
(A) میر امن دہلوی
(B) فضل علی خاں فضلی
(C) عطا حسین خاں تحسین
(D) میر محمد تقی خیال

95۔ ان میں سے کس ڈراما نگار نے نیو الفریڈ تھیٹریکل کمپنی قائم کی تھی؟
(A) محمد حسن
(B) حبیب تنویر
(C) آغا حشر کاشمیری
(D) امتیاز علی تاج

96۔ 1824-25ء میں کون سی داستان لکھی گئی تھی؟
(A) رانی کیتکی کی کہانی
(B) باغ و بہار
(C) بوستان خیال
(D) فسانۂ عجائب

97۔ ڈراما 'انارکلی' کا سال تصنیف کیا ہے؟
(A) 1922
(B) 1822
(C) 1923
(D) 1932

98۔ راحیل کس ڈرامے کا کردار ہے؟
(A) انارکلی
(B) آگرہ بازار
(C) یہودی کی لڑکی
(D) ضحاک

99۔ بھولا رام پنساری کس ڈرامے کا کردار ہے؟
(A) ضحاک
(B) یہودی لڑکی
(C) آگرہ بازار
(D) انارکلی

100۔ ڈراما 'آگرہ بازار' کی پہلی اشاعت کب ہوئی؟
(A) 1954
(B) 1955
(C) 1964
(D) 1966

**ROUGH WORK**

## URDU(05) - PAPER -II : : X SERIES

| QUESTION NO. | ANSWER KEY | QUESTION NO. | ANSWER KEY |
|---|---|---|---|
| 1 | C | 51 | C |
| 2 | C | 52 | D |
| 3 | C | 53 | D |
| 4 | C | 54 | B |
| 5 | C | 55 | B |
| 6 | C | 56 | C |
| 7 | B | 57 | B |
| 8 | A | 58 | C |
| 9 | C | 59 | B |
| 10 | C | 60 | C |
| 11 | C | 61 | C |
| 12 | B | 62 | D |
| 13 | D | 63 | A |
| 14 | C | 64 | B |
| 15 | B | 65 | B |
| 16 | C | 66 | B |
| 17 | C | 67 | C |
| 18 | D | 68 | D |
| 19 | A | 69 | C |
| 20 | A | 70 | A |
| 21 | B | 71 | D |
| 22 | A | 72 | D |
| 23 | C | 73 | B |
| 24 | C | 74 | C |
| 25 | A | 75 | C |
| 26 | A | 76 | B |
| 27 | D | 77 | B |
| 28 | C | 78 | C |
| 29 | D | 79 | C |
| 30 | A | 80 | D |
| 31 | C | 81 | A |
| 32 | D | 82 | C |
| 33 | C | 83 | B |
| 34 | D | 84 | D |
| 35 | D | 85 | A |
| 36 | B | 86 | B |
| 37 | B | 87 | C |
| 38 | A | 88 | C |
| 39 | A | 89 | D |
| 40 | B | 90 | A |
| 41 | D | 91 | B |
| 42 | A | 92 | A |
| 43 | A,B,C,D | 93 | C |
| 44 | D | 94 | D |
| 45 | C | 95 | C |
| 46 | B | 96 | D |
| 47 | D | 97 | A |
| 48 | D | 98 | C |
| 49 | B | 99 | C |
| 50 | C | 100 | A |